فوری ریلیز کے لیے: 9/12/2022 گورنر **KATHY HOCHUL**

***گورنر HOCHUL کا برونکس میں چار نئے سٹیشنز بنانے کے لیے میٹرو-نارتھ PENN سٹیشن رسائی کے پروجیکٹ کے باضابطہ آغاز کا اعلان***

***سینیٹر Schumer، رکنِ کانگریس Torres اور خاتون رکنِ کانگریس Ocasio-Cortez کی تعمیرات کے آغاز کے لیے گورنر اور میٹروپولیٹن ٹرانسپورٹیشن اتھارٹی کے ساتھ شمولیت***

***میٹرو-نارتھ ریل روڈ کی سب سے بڑی توسیع 500,000 رہائشی آبادی کے ایک میل کی حدود تک ٹرین سروس اور سفری اوقات میں حیرت انگیز طور پر کمی لائے گی***

***مینہیٹن، مشرقی برونکس، ویسٹ چیسٹر اور کنیکٹیکٹ سے مربوط، نیو ہیون لائن کے ذریعے Penn سٹیشن کو میٹرو-نارتھ سروس کی فراہمی***

***نئی ریل سروس سے رہائشی افراد کے مینہیٹن تک سفری اوقات میں فی دن 50 منٹ بچت اور دو طرفہ سفر کے مواقع کی فراہمی***

***باضابطہ آغاز کے B-رول یہاں دستیاب ہیں***

گورنر Kathy Hochul نے آج صبح برونکس میں ایک تقریب کے دوران میٹرو پولیٹن ٹرانسپورٹیشن اتھارٹی کے لیڈرز کے ساتھ میٹرو-نارتھ Penn سٹیشن رسائی کے پروجیکٹ کے باضابطہ آغاز کا اعلان کیا ہے۔ برونکس میں چار نئے سٹیشنز کے ساتھ، یہ پروجیکٹ 500,000 کی رہائشی آبادی میں ایک میل کی حدود تک ریل سروس لائے گا اور یہ 1983 میں قائم ہونے کے بعد سے میٹرو-نارتھ ریل روڈ کی سب سے بڑی توسیع ہو گی۔ مینہیٹن، ویسٹ چیسٹر اور کنیکٹیکٹ سے دو طرفہ ریل سروس کی پیشکش سے، یہ مشرقی برونکس کی کمیونٹیز کے لیے ملازمتوں، تعلیم اور تفریح تک رسائی کو وسعت دے گا۔ علاوہ ازیں، پروجیکٹ سفری اوقات میں کافی حد تک کمی لائے گا، دو طرفہ سفر کے مواقع فراہم کرے گا اور میٹرو-نارتھ کے ذریعے پہلی بار مینہیٹن میں ایک اہم دوسرا راستہ پیش کرے گا۔

"ہم مشرقی برونکس کی کمیونٹیز کے لیے جدید، محفوظ، اور قابل بھروسہ عوامی آمد و رفت اور اس کے ساتھ، نیویارک کے باشندوں کے لیے مزید اقتصادی موقع فراہم کر رہے ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "سینیٹر Schumer، نمائندگان Torres ،Ocasio-Cortez، اور Bowman، اور Amtrak کے ساتھ شراکت میں، Penn سٹیشن رسائی نہ صرف سفری اوقات میں شدید کمی لائے گی، بلکہ اس سے لاکھوں رہائشیوں کو منسلک کرنے اور مقامی معیشتوں کو فروغ دینے میں بھی مدد ملے گی۔ میں اس پروجیکٹ کو شروع کرنے کے لیے MTA کی شراکت کی شکر گزار ہوں، اور میں اس کی تکمیل دیکھنے کی منتظر ہوں تاکہ نیویارک کے تمام باشندوں کے لیے جدید عوامی آمد و رفت تک رسائی کو یقینی بنانے میں مدد ہو سکے، جس کے وہ مستحق ہیں۔"

چار نئے سٹیشنز ہنٹس پوائنٹ، پارک چیسٹر/وین نیسٹ، مورس پارک، اور کو-اوپ شہر میں ہوں گے اور معذوریوں کے حامل امریکی افراد کے ایکٹ کے مطابق سب کے لیے قابل رسائی ہوں گے۔

توسیع Amtrak کی ہیل گیٹ لائن کو Penn سٹیشن رسائی کے لیے استعمال کرے گی، موجودہ بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنائے گی اور گردونواح کی کمیونٹیز پر تعمیراتی اثرات کو کم کرے گی۔ چار نئے برونکس سٹیشنز پر رکنے والی میٹرو-نارتھ ٹرینز نیو ہیون لائن کی نیو روشیل سٹیشن سے توسیع کے طور پر کام کریں گی، جو مشرقی برونکس سے مڈ ٹاؤن مینہیٹن تک نیز ویسٹ چیسٹر، کنیکٹیکٹ کے پوائنٹس اور بالترتیب واپسی کے بھی سفری اختیارات پیش کرے گی۔

**MTA کے صدر اور CEO Janno Lieber نے کہا،** "Penn سٹیشن رسائی برونکس کے ایک بہت بڑے اور سفری سہولت سے محروم علاقے کے لیے انقلابی قدم ہے۔ جب آپ پورے سروس ایریا کو ملاحظہ کرتے ہیں تو چار نئے میٹرو-نارتھ سٹیشنز کے صرف ایک میل کی حدود میں 500,000 رہائشی، اور مزید کتنے ہی لوگ سکونت پذیر ہیں۔ اس پروجیکٹ کا مقصد ملازمتوں، تعلیم، نگہداشتِ صحت اور نیویارک کی جانب سے پیش کردہ ہر سہولت تک مثالی مختصر سفر اور زندگی بدل دینے والی رسائی فراہم کرنا ہے۔"

**میٹرو-نارتھ ریل روڈ کی صدر اور لانگ آئی لینڈ ریل روڈ کی عبوری صدر Catherine Rinaldi نے کہا،** "گرینڈ سینٹرل میڈیسن پہلی بار LIRR، میٹرو نارتھ، اور سب وے کو ایک ہی مقام پر لا رہا ہے۔ Penn سٹیشن پر میٹرو-نارتھ سروس کی فراہمی سے سب وے، LIRR، NJ ٹرانزٹ، PATH، اور Amtrak منسلک ہوں گے، جس سے ایسے علاقائی روابط کی پیشکش میسر آئے گی جس کی نظیر ملک میں کہیں نہیں ملتی۔ آمد و رفت کے تمام پروجیکٹس کی تکمیل سے اس بات کی پھر سے وضاحت ہو جائے گی کہ تین ریاستی علاقے میں سفر کیسا لگتا ہے اور محدود اختیارات کی حامل کمیونٹیز کو ضروری آمد و رفت کی فراہمی ہو گی۔ آج کے دن، ہم حقیقت سے قریب کر دینے والے سنگ میل پر مسرت کا اظہار کرتے ہیں۔"

**تعمیرات اور ترقیاتی کاموں کے MTA صدر Jamie Torres-Springer نے کہا،** "Penn سٹیشن رسائی مشرقی برونکس اور پورے نیویارک کے خطے کو انقلابی فوائد فراہم کرے گی۔ موجودہ بنیادی ڈھانچے کا بھرپور فائدہ اٹھانا اور LIRR تھرڈ ٹریک، MTA کنسٹرکشن اینڈ ڈیویلپمنٹ جیسے کامیاب پروجیکٹس سے ہمارے بہترین طریقہ عمل کو لاگو کرنا اس پروجیکٹ کی فراہمی کو بہتر، تیز اور ارزاں بنا دے گا۔"

ہیل گیٹ لائن کے ساتھ بنیادی ڈھانچے میں بہتریوں سے Amtrak کے لیے قابل بھروسہ سروس اور بروقت کارکردگی میں بھی بہتری آئے گی، جو سینیٹ کے اکثریتی لیڈر Charles Schumer کی کوششوں کی بدولت، اس منصوبے کے لیے 500$ ملین کا حصہ ڈال رہا ہے۔ Amtrak نے اس صورت تاخیر کے اخراجات ادا کرنے پر بھی اتفاق کیا ہے کہ اگر وہ غیر فعالیت یا افرادی قوت فراہم کرنے کے وعدوں کو پورا کرنے میں ناکام رہتے ہیں۔ نیو روشیل یارڈ کی توسیع کے لیے اضافی فنڈنگ شامل کرنے کے لیے جولائی میں اعلان کردہ سرمائے کے منصوبے میں ترمیم کے بعد، پروجیکٹ کی کل لاگت 3.18$ بلین ہونے کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔

**Amtrak بورڈ کے صدر Tony Coscia نے کہا،** "Penn سٹیشن رسائی کا پروجیکٹ Amtrak کے اس نظریے کے ساتھ مطابقت رکھتا ہے جس میں فی الحال پسماندہ علاقوں میں نئے یا بہتر راستوں کے ہمراہ مسافر ریل سروس کو وسعت دی جائے۔ کمیونٹیز کو مربوط کر کے، ٹرینز ملازمتوں اور معاشی بہتری تک رسائی فراہم کرنے میں مدد دیتی ہیں جس سے عدم مساوات سے نمٹنے میں مدد ملتی ہے۔ ہم گورنر Hochul اور MTA میں اپنے شراکت داروں کو اس سنگ میل کو حاصل کرنے کے لیے مبارکباد پیش کرتے ہیں، اور سینیٹر Schumer، رکنِ کانگریس Torres اور کانگریس میں اپنے شراکت داروں کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ ان کی قیادت میں یہ اہم پروجیکٹ آگے بڑھ رہا ہے۔"

**سینیٹ کے اکثریتی لیڈر Chuck Schumer نے کہا،** "انتہائی طویل مدت سے، مشرقی اور جنوبی برونکس بلحاظ سفر غیر آباد رہا ہے۔ اس لیے میں نے اس اہم پروجیکٹ کو آگے بڑھانے کے لیے بہت جدوجہد کی ہے - سب سے پہلے، Amtrak اور MTA کو اکٹھا کر کے ان کی شراکت کی تفصیلات کو سامنے لا کر؛ اور دوسرا، دو طرفہ بنیادی ڈھانچے کے قانون (Bipartisan Infrastructure Law) کے ذریعے دس بلین ڈالرز فراہم کیے جو مشرقی اور جنوبی برونکس میں چار نئے میٹرو-نارتھ سٹیشنز کے لیے ادائیگی میں کام آئیں گے۔ آمد و رفت کے ترقیاتی کام کمیونٹی کی ترقی کے مساوی ہیں، اور جیسا کہ ہم عالمی وبا سے نکل کر اپنی معیشت کی تعمیر نو جاری رکھے ہوئے ہیں، تو ہمیں یہ یقینی بنانے کے لیے ہر ممکن کوشش کرنی چاہیئے کہ یہ Penn سٹیشن رسائی جیسے

پروجیکٹس کے ذریعے ایک مساوی بحالی ہو۔ آج کے دن کے باضابطہ آغاز کے ساتھ، نیویارک ہمارے عوامی آمد و رفت کے نظام کی اگلی نہج تخلیق کر رہا ہے جس سے ہمارے شہر کو ترقی حاصل کرنے میں مدد ملے گی، یہ نئے افراد اور کاروباری اداروں کو اپنی طرف متوجہ کرتا رہے گا، اور اس توانائی کے ساتھ متحرک رہے گا جس سے یہ جگہ خاص بن جاتی ہے۔"

**نمائندے Alexandria Ocasio-Cortez نے کہا،** "برونکس میں ہمارے پڑوسی Penn سٹیشن رسائی کے پروجیکٹ کے نتیجے میں اپنے سفر کے اوقات میں ایک گھنٹے سے زیادہ کی کمی دیکھ سکتے ہیں۔ میں نے طویل عرصے سے عوامی آمد و رفت میں سرمایہ کاری کی وکالت کی ہے، اور ہمارے ضلع میں محنت کش طبقے کی کمیونٹیز پر اس کے مثبت اثرات کو دیکھنا خصوصاً معنی خیز ہے۔"

**نمائندے Jamaal Bowman نے کہا،** "میرے برونکس اور ویسٹ چیسٹر کے حلقوں کو طویل عرصے سے مساوی سفری سہولیات درکار ہیں۔ میٹرو-نارتھ Penn سٹیشن رسائی کا پروجیکٹ میرے برونکس اور نیو روشیل کے حلقوں کے لیے مساوی آمد و رفت کی اہمیت کو تسلیم کرنے میں مدد دیتا ہے۔ اس طویل مدت سے زیر التوا پروجیکٹ کے باضابطہ آغاز اور مستقبل میں تکمیل ایک ایسی چیز ہے جس کا ہمیں انتظار ہے۔ طویل سفر کے اوقات ہمارے معیار زندگی کو بہت سے طریقوں سے متاثر کرتے ہیں، اور سفری وقت میں کمی بہت سے افراد اور خاندانوں کے لیے نئے مواقع پیدا کرے گی۔ میٹرو-نارتھ میں ان توسیع کو شامل کرنے سے ہماری کمیونٹی کے مزید ممبران کو خود کار چلانے کی بجائے عوامی آمد و رفت کا انتخاب کرنے اور ہمیں ایک سرسبز مستقبل کی طرف بڑھنے کا موقع ملے گا۔ مجھے وفاقی سطح پر کمیونٹی کے ان انقلابی عوامی آمد و رفت کے پروجیکٹس کی حمایت کرنے پر فخر ہے اور میں مستقبل میں بنیادی ڈھانچے کی سرمایہ کاریاں جاری رکھنے کا منتظر ہوں جو عوامی آمد و رفت کو سب کے لیے قابل رسائی بناتی ہیں۔"

**نمائندے Ritchie Torres نے کہا،** "اگر عوامی آمد و رفت کی بات آتی ہے تو برونکس کافی عرصے سے نظر اندازی کا شکار رہا ہے۔ Penn رسائی میٹرو کا توسیعی منصوبہ اس بات کو یقینی بنانے میں ایک اگلا قدم ہے کہ برونکس کو میٹرو تک مناسب رسائی حاصل ہو۔ یہ توسیع نہ صرف سفر کے وقت کو کم کرتی ہے، بلکہ علاقائی رابطوں کو بہتر بناتی ہے، اور اس سے مقامی معاشی فوائد حاصل ہوتے ہیں۔ برونکس نہ صرف قائم ہو رہا ہے بلکہ ترقی کی منازل طے کر رہا ہے، اور یہ پروجیکٹ ہماری کمیونٹی کی ترقی کو یقینی بنانے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔"

**ریاست نیو یارک کی سینیٹ لیڈر Andrea Stewart-Cousins نے کہا،** "میٹرو-نارتھ Penn سٹیشن رسائی کا پروجیکٹ ہماری مقامی کمیونٹیز، معیشتوں، تعلیمی اداروں کو منسلک کرنے، اور بہت کچھ حاصل کرنے کا ایک دلچسپ موقع ہے۔ میں نے اس پروجیکٹ کے لیے وکالت کی ہے، اور میں اس توسیع کو حقیقت کا روپ دینے کی کوششوں کے لیے حکومت میں اپنے ساتھی ریاستی اور وفاقی شراکت داروں کا شکریہ ادا کرتی ہوں۔ میں بنیادی ڈھانچے کی زیرک سرمایہ کاریوں کی حمایت کرنے کے لیے پُرعزم ہوں اور میٹرو-نارتھ Penn سٹیشن رسائی کے پروجیکٹ کی تکمیل کی منتظر ہوں۔"

**اسمبلی اسپیکر Carl Heastie نے کہا،** "جیسا کہ ہم آگاہ ہیں، میٹرو-نارتھ ریل روڈ کی متعدد برونکس کمیونٹیز میں توسیع عوامی آمد و رفت کو بدل دے گی۔ ان گردونواح میں تیز، قابل اعتماد، اور قابل رسائی آمد و رفت ایک ضرورت ہے، جسے اکثر افراد سفری سہولت کے فقدان کے طور پر بیان کرتے ہیں۔ یہ توسیع رہائشیوں اور گردونواح کی کمیونٹیز کے لیے اہم ہے، جو لامتناہی اقتصادی اور سماجی مواقع کے لیے ایک راستہ کھولتی ہے۔ برونکس کمیونٹی میں اس سرمایہ کاری کا گہرا اثر پڑے گا۔"

**ریاستی سینیٹر Luis Sepúlveda نے کہا،** "گورنر Hochul کی طرف سے آج کے دن اعلان کردہ توسیع اور ہنٹس پوائنٹ، پارک چیسٹر/وین نیسٹ، مورس پارک، اور کو-اوپ شہری سٹیشنز میں ملٹی ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کے نتیجے میں برونکس میں ہم سب کے لیے معیارِ زندگی میں بہت زیادہ بہتری آئے گی۔ بنیادی ڈھانچے کی سرمایہ کاری کے اس پروجیکٹ سے برونکس کے ہزاروں باشندوں کی زندگیوں براہ راست بہتر ہوں گی۔ نہ صرف ہمارے پاس بہتر سہولیات ہوں گی، آمد و رفت کا وقت کم ہو گا اور باقی شہر کے ساتھ بہتر باہمی رابطہ ہو گا، بلکہ ہم اپنے

کاروباری اداروں اور تعلیم کے لیے بھی اس کا فائدہ اٹھا سکیں گے۔ میں اس پروجیکٹ کو ممکن بنانے میں شامل MTA، اور گورنر کے دفتر اور ہر فرد کو سراہتا ہوں۔"

**رکن اسمبلی Amy Paulin نے کہا،** "Penn سٹیشن رسائی برونکس، مینہیٹن، ویسٹ چیسٹر اور کنیکٹیکٹ کے رہائشیوں کے لیے انقلابی ثابت ہو گی۔ پہلی بار ان کمیونٹیز کو Penn سٹیشن تک یک طرفہ طویل سواری ملے گی، جس سے روزانہ 50 منٹ کے سفر کے وقت کی بچت ہو گی۔ یہ وقت میں بچت کرنے والی اور 5 نئے سٹیشنز کی سہولت ملازمتوں، تعلیم اور نگہداشت صحت تک زیادہ رسائی فراہم کرتی ہے۔ میں اس دن تک پہنچنے میں MTA کی سخت کوشش کے لیے ان کا شکریہ ادا کرتی ہوں اور اپنے رہائشیوں کے بہتر رسائی اور کسٹمر کے اس نئے دور کا تجربہ حاصل کرنے کی منتظر ہوں۔"

**رکن اسمبلی Jeffrey Dinowitz نے کہا،** "Penn سٹیشن رسائی کے ساتھ آج کا پیشرفت کا مرحلہ برونکسائٹس کے لیے ایک شاندار لمحہ ہے۔ مشرقی برونکس میں میٹرو-نارتھ سروس کی آمد سے ہماری بورو کے لیے اقتصادی مواقع میں نمایاں اضافہ ہو گا۔ پیش رفت جاری رکھنے کے لیے گورنر Hochul اور MTA کا شکریہ اور ہم سب اس پروجیکٹ کی تکمیل کے منتظر ہیں۔"

**رکن اسمبلی Michael Benedetto نے کہا،** "برونکس اور کو اوپ شہر کے لوگ گورنر Hochul کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ انہوں نے ہمارے خواب کو حقیقت یعنی: برونکس میں میٹرو-نارتھ سٹیشن قائم کرنے کے لیے طویل جدوجہد کی۔ اب ہمارا حقیقی معنوں میں بڑے میٹروپولیٹن علاقے سے رابطہ ہے، ہمارا انتظار ختم ہو گیا ہے۔"

**ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی کے ایگزیکٹو George Latimer نے کہا،** "Penn سٹیشن رسائی کا پروجیکٹ ویسٹ چیسٹر کے اُن رہائشیوں کے لیے ایک جیت ہے جو ساؤنڈ شور کے اطراف میں رہتے ہیں۔ Penn سٹیشن میں پہلی بار یک طرفہ سواری کی تخلیق سے، ملازمتوں، تعلیم اور نگہداشت صحت تک زیادہ رسائی کے آغاز سے، سفر کرنے میں بہتری آئے گی، گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو کم کیا جائے گا اور اس عمل میں ویسٹ چیسٹر کے گھروں کی قدروقیمت میں اضافہ ہو گا۔ حکومت کی تمام سطحوں نے مل کر، ان افراد کے لیے ایک حقیقی محرک قائم کیا ہے جن کی خدمت کے لیے ہم منتخب ہوئے تھے۔"

**نیو روشیل میئر Noam Bramson نے کہا،** "Penn سٹیشن رسائی ایک عرصۂ حیات میں ہمارے خطے کے آمد و رفت کے بنیادی ڈھانچے میں سب سے نمایاں اضافہ ہے، جس میں ہماری معیشت، ماحول اور معیار زندگی کے لیے وسیع فوائد موجود ہیں۔ نیو روشیل کے لیے، پروجیکٹ کو خاص اہمیت حاصل ہے، جو ہمیں مینہیٹن کے قریب ترین میٹرو-نارتھ سٹیشن فراہم کرتا ہے جس میں گرینڈ سینٹرل اور Penn کی براہ راست سروس ہے، اور بے مثال اقتصادی ترقی اور پائیدار ترقی کے لیے ہمارے ڈاؤن ٹاؤن ٹرانزٹ ڈسٹرکٹ کو اہم مقام پر فائز کرتا ہے۔"

**برونکس بورو کی صدر Vanessa L. Gibson نے کہا،** "مشرقی برونکس طویل عرصے سے آمد و رفت رسائی کے لیے گھاٹے میں رہا ہے، لیکن یہ چار نئے میٹرو-نارتھ سٹیشن مسافروں کے اپنی منزلوں تک سفر کرنے میں آسانی پیدا کریں گے اور ہماری بورو میں سفری سہولیات کے فقدان کو ختم کرنے میں مدد دیں گے۔ میں گورنر Hochul، سینیٹر Schumer، رکنِ کانگریس Torres، خاتون رکنِ کانگریس Ocasio-Cortez، Amtrak، Penn سٹیشن رسائی اور MTA کا اس اقدام کو آگے بڑھانے اور ہمارے مشرقی برونکس کے رہائشیوں کے لیے مساوی آمد و رفت کے ان کے عزم کے لیے شکریہ ادا کرنا چاہتی ہوں۔ میں اس پروجیکٹ کی تکمیل کی منتظر ہوں۔"

**رکن کونسل Rafael Salamanca نے کہا،** "آج کے دن برونکس میں چار نئے میٹرو-نارتھ سٹیشنز، بشمول میرے ضلع کے ہنٹس پوائنٹ سیکشن کا جشن منانے والا تاریخی باضابطہ آغاز، ہمارے شہر کی مساوی سفری سہولت کو پورا کرنے کا لمحۂ خاص ہے اور ہماری ریاست نے بہرکیف اسے پایہ تکمیل تک پہنچایا ہے۔ یہ نئے سٹیشنز نہ صرف Penn سٹیشن تک آنے جانے کی دو طرفہ رسائی کو بڑھائیں گے، بلکہ یہ ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی اور کنیکٹیکٹ میں برونکسائٹس کے لیے، ان علاقوں میں معاشی اور تعلیمی مواقع میں بڑے پیمانے پر اضافہ کریں گے، جو پہلے براہ راست آمد و رفت کے راستے سے قابل رسائی نہیں تھے۔ میں گورنر Hochul، میئر Adams، شہری، ریاستیی

اور وفاقی شراکت داروں کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے اس پروجیکٹ کو حقیقت بنانے کے لیے اپنے عزم کا اظہار کیا ہے۔"

**رکن کونسل Amanda Farías نے کہا،** "میں مقامی طور پر برونکسائٹس کو ملازمت دینے اور سفری سہولت کے ایک نئے اختیار شامل کرنے کے موقع پر خوش ہوں جو میرے گردونواح کے لیے قابل رسائی اور حسب استطاعت ہے تاکہ میرے ضلع میں رش کو کم کرنے اور پائیدار سفر کو بڑھانے میں مدد ملے۔ میں تمام مجوزہ پروجیکٹس پر اپنی کمیونٹی کے ساتھ مشغول ہونے اور ان کے فیڈبیک کے ساتھ ہم آہنگی میں کام کرنے کی منتظر ہوں تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ برونکس میٹرو-نارتھ منصوبہ پہلے برونکس کی ضروریات کو پورا کرے اور براہ راست عوام کے فائدے کے لیے ہو۔"

**رکن کونسل Marjorie Velázquez نے کہا،** "میٹرو-نارتھ کی توسیع ہزاروں ملازمتیں پیدا کر کے اور برونکس کی جانب سے پیش کردہ پوشیدہ مواقع تک رسائی فراہم کر کے معیشت کو سہارا دینے میں اہم کردار ادا کرے گی۔ جیسا کہ ہماری کمیونٹی بڑھ رہی ہے، ہمیں اپنے کامیاب گردونواح کی عکاسی کے لیے تعمیرات جاری رکھنی چاہئیں۔ اس طرح کی اہم سرمایہ کاریوں میں اکثر بہت زیادہ ضابطوں کی رکاوٹ حائل ہے؛ پہلے سے موجود بنیادی ڈھانچے کو بروئے کار لاتے ہوئے، ہم ان رکاوٹوں کو دور کریں گے۔ اور میری (مورس پارک اور پارک چیسٹر/وین نیسٹ) جیسی کمیونٹیز کے لیے جہاں سفری سہولیات کا فقدان ہے، اضافی آمد و رفت کے اختیارات کی ضرورت ناقابل تردید ہے۔ یہ توسیع ایک ناقابل یقین سرمایہ کاری ہے، اور میں اپنی کمیونٹی کو اس اقدام کا حصہ بنتے دیکھ کر بہت خوش ہوں۔"

**عمارتی اور تعمیراتی تجارتی کونسل برائے گریٹر نیویارک کے صدر Gary LaBarbera نے کہا،** "آج کے دن ہمارے شہر کے مسافر ریل نیٹ ورک کی جدتِ نو اور احیائے نو کی جانب ایک اور اہم قدم اٹھایا گیا ہے، ایک ایسے پروجیکٹ کے ساتھ جو نیویارک کے محنت کش باشندگان کے لیے فوائد کے ساتھ ہزاروں کی تعداد میں وسط طبقاتی کیریئرز تخلیق کرے گا۔ ہم گورنر Hochul کی اس پروجیکٹ کی جانب تیز رفتار لگن پر انہیں داد دیتے ہیں اور اس کلیدی اقدام کے آگے بڑھنے کے دوران، ان کی قیادت کے احسان مند ہیں۔ ہمارے ممبران ہمارے ریل ویز کو ایک ایسے مثالی اور عملیاتی سفری نظام میں تبدیل کرنے کے لیے انڈسٹری بھر کے اسٹیک ہولڈرز اور ہمارے شراکت داروں کے ساتھ کام کرنے کے لیے تیار ہیں جس کے نیویارک کے باشندگان مستحق ہیں اور جس پر مکمل فخر کر سکتے ہیں۔"

**پروجیکٹ کے فوائد**

- **سفر کرنے کے وقت میں نمایاں کمی۔** Penn سٹیشن جانے والے مشرقی برونکس کے مسافر ہر راستے میں 50 منٹ تک بچا سکتے ہیں، اور کنیکٹیکٹ جانے والے مسافر 75 منٹ تک وقت کی بچت کر سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر، Penn سٹیشن کے مجوزہ کو-اوپ شہری سٹیشن سے Penn سٹیشن تک پہنچنے میں تقریباً 75 منٹ لگتے ہیں، Penn سٹیشن رسائی کی تکمیل کے ساتھ، سفر کا وقت صرف 25 منٹ ہونے کی امید ہے۔ مغربی جانب منزل کے حامل موجودہ نیو ہیون لائن رائڈرز روزانہ 40 منٹ تک بچا جا سکتے ہیں۔
- **دو طرفہ سفری مواقع میں اضافہ۔** دو طرفہ مسافر Penn سٹیشن سے ہنٹس پوائنٹ، پارک چیسٹر/وین نیسٹ، مورس پارک، کو-اپ شہر، ویسٹ چیسٹر اور جنوبی کنیکٹیکٹ تک مزید آسانی سے سفر کر سکیں گے۔
- **مقامی معاشی فوائد اور پائیداری میں بہتری۔** مشرقی برونکس، ویسٹ چیسٹر اور کنیکٹیکٹ تک رسائی کو بہتر بنانے سے مقامی تعلیمی کیمپس، طبی اداروں اور ریٹیل مراکز کو فائدہ پہنچے گا۔ سفر کے اوقات انتہائی کم کر کے، Penn سٹیشن رسائی عوامی آمد و رفت کو ایک قابل عمل، پُرکشش سفری متبادل بنا دے گی، جو ڈرائیوروں کو عوامی سواری کی جانب راغب کرے گا، ٹریفک کے رش اور اخراج میں کمی لائے گا۔
- **علاقائی روابط میں بہتری۔** اضافی اختیارات کے ساتھ، برونکس کے رہائشی اور گریٹر نیو یارک شہر کے علاقے، ویسٹ چیسٹر، کنیکٹیکٹ، اور شمال مشرقی علاقے سے آنے والے بھی، NJ ٹرانزٹ، LIRR، PATH، Amtrak اور NYCT سب ویز کے کنکشن کے ساتھ شمال مشرق میں زیادہ آسانی سے منزلوں تک پہنچنے کے قابل ہو جائیں گے۔

**پروجیکٹ کی تفصیلات**

چار نئے ADA سٹیشنز کے علاوہ، یہ پروجیکٹ موجودہ 2-ٹریک ریل روڈ کو بڑے پیمانے پر 4-ٹریک ریل روڈ میں بدل دے گا، جس میں 19 میل سے زیادہ نئے اور بحالی شدہ ٹریک کا کام شامل ہو گا۔ 4-ٹریک ریل روڈ تک یہ توسیع میٹرو-نارتھ اور Amtrak ٹرینز میں اضافے کی حمایت کرنے کے لیے سروس گنجائش فراہم کرے گی جس سے اس علاقے میں Amtrak ٹرینز کے چلنے کی توقع ہو گی اور سروس میں خلل کی صورت میں مسئلہ حل کرنے کی سہولت ہو گی۔

اضافی سروس کے لیے ویسٹ چیسٹر میں میٹرو-نارتھ کے نیو روشیل یارڈ کی توسیع کے ہمراہ، سگنل، پاور اور مواصلات کے بنیادی ڈھانچے کو جدید بنانے کی ضرورت ہے۔ اس میں چار نئے انٹر لاکنگز، پانچ نئے سب سٹیشنز، پیلہام بے انٹر لاکنگ کی مکرر تشکیل کاری اور دو موجودہ سب سٹیشنوں کی اپ گریڈیشن شامل ہو گی۔

اس پروجیکٹ میں اضافی ٹرین ٹریفک کو لے جانے کے لیے درج ذیل چار پُلوں کی مرمت اور مضبوطی کے لیے بحالی کا کام بھی شامل ہے: برونکس ریور پُل، ایسٹ چیسٹر روڈ پُل، برونکس ڈیل ایوینیو پُل اور پیلہام لین پُل۔

**پروجیکٹ ٹائم لائن**

ستمبر 2021 میں، فیڈرل ٹرانزٹ ایڈمنسٹریشن نے اس پروجیکٹ کو آگے بڑھنے کی اجازت دیتے ہوئے، کوئی اہم اثر نہ ہونے کے نتیجہ (Finding of No Significant Impact) جاری کیا۔ 29 دسمبر 2021 کو، MTA نے ہالمر انٹرنیشنل، LLC اور ریل ورکس کے مشترکہ منصوبے کو ڈیزائن کی تعمیر کا ٹھیکہ دیا۔

شروع ہونے والے پہلے پروجیکٹ کے عوامل میں سے ایک لیگیٹ انٹرلاکنگ کی تعمیر ہو گی، جو چار نئے انٹر لاکنگز میں سے ایک ہے۔ لیگیٹ انٹرلاکنگ مجوزہ ہنٹس پوائنٹ سٹیشن کے جنوب میں واقع ہو گا۔ اصل مسافر ریل سٹیشنز کی تعمیر 2024 میں شروع ہونے کی امید ہے۔ Penn سٹیشن رسائی کے پروجیکٹ کی تکمیل کی متوقع تاریخ 2027 ہے۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418